ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی ہمارے ان بزرگوں میں سے ہیں، جن کا وسیع علم اور عرفان کے مزاج کی شگفتگی کو متاثر نہیں کر سکی۔ ہوتا یوں ہے کہ بزرگوں کے پاس اگر نئی نسل کا کوئی فرد آن بیٹھے تو دس منٹ کے بعد یا تو وہ بزرگ معذرت کر لیتے ہیں اور یا وہ نوجوان رستہ تڑا کر بھاگ جاتا ہے، لیکن ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی کے پاس بیٹھنے والا کوئی نوجوان نہ تو ان کی محفل سے آنکھ بچا کر اٹھنا چاہتا ہے اور نہ ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی کو اس سے معذرت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے گو ہمارا شمار اب نوجوانوں میں تو نہیں ہوتا تاہم گزشتہ روز دو گھنٹے ہم نے بھی ڈاکٹر صاحب کی صحبت میں گزارے ہیں اور جب ہمیں ایک ضروری کام کے سلسلے میں مجبوراً ان سے اجازت طلب کرنا پڑی تو ہم محسوس کر رہے تھے کہ ہلکی پھلکی گفتگو کے دوران ڈاکٹر صاحب ہمیں ہماری تاریخ کے متعلق وہ کچھ بتا گئے ہیں جو شاید کئی ضخیم کتابوں کے مطالعے کے بعد بھی ہمارے ذہن نشین نہ ہوتا۔ اس وقت ہم آپ کو اس گفتگو کی تفصیلات سنانے کے موڈ میں نہیں ہیں، البتہ ایک واقعہ ضرور سنائیں گے جو

[illegible] میں [illegible] ہوا [illegible] مسلمانوں کی [illegible] بٹالوی [illegible] اس وقت [illegible] [illegible] اس [illegible] ڈاکٹر صاحب [illegible] ہیں [illegible] شیخ [illegible] مال روڈ پر [illegible] جلسہ منعقد ہوا تھا جو [illegible] میلہ چراغاں [illegible] ڈاکٹر صاحب [illegible] کے بات [illegible] بیان [illegible] رہے تھے۔ اس روز ڈاکٹر صاحب طالب علموں کی زندگی بالکل قریب سے دیکھ رہے تھے کیونکہ انہوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ پروگرام بنایا کہ تمام رات "میلہ چراغاں" ہی میں بسر کی جائے۔ اس پروگرام کے تحت وہ دوستوں کے ساتھ ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر میں ادھر سے ادھر جا رہے تھے۔ گرد و نواح اور دور دراز کے دیہات اور شہروں سے آتی ہوئی نوجوانوں کی ٹولیاں "بولیاں" گاتی ہوئی پاس سے گزر رہی تھیں۔ دکانیں کھانے پینے کی چیزوں سے ڈھکی ہوئی تھیں اور لاکھوں لوگوں کی مسرت بھری آوازوں سے کان پڑی صدا سنائی نہیں دیتی تھی۔ ہر چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا، بہتر ہو گا کہ ہم یہاں سے ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی کو "میں" میں تبدیل کر دیں کہ "کلام شاعر بزبان شاعر" کا کچھ اپنا ہی لطف ہے سو "میں اور میرا دوست میلے کی رونقوں میں گم تھے اور ہمارا چہرہ بھی خوشی اور مسرت سے دمک رہا تھا کہ اتنے میں ایک نوجوان جو اپنے لباس کی تراش خراش سے شہد معلوم دیتا تھا، یکایک میرے سامنے آ گیا۔ اس نے میرے کاندھوں پر ہاتھ رکھا اور کہا "میں آپ سے ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں" میں نے کہا۔ "پوچھو" کہنے لگا "انسان کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟" خوشیوں سے بھرے ہوئے اس میلے میں نوجوان کا یہ سوال اس قدر بے موقع اور غیر متوقع تھا کہ میں ہڑبڑا سا گیا۔ میں نے اس پر ایک نگاہ ڈالی، اس کا چہرہ غم و الم

کی تصویر بنا ہوا تھا۔ ایک خیال میرے ذہن میں بجلی کی طرح لہرایا۔ میں نے [illegible] [illegible] کی طرف [illegible] ہیں [illegible] [illegible] میں [illegible] تم خودکشی کرنا چاہتے ہو؟ وہ گھبرا گیا اور [illegible] [illegible] کے بعد اعتراف [illegible] وہ خودکشی ہی کی نیت سے گھر سے نکلا تھا۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ وہ ٹی اے وی کالج کا طالب علم ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا تمہیں کچھ مالی پریشانیاں ہیں، کہنے لگا نہیں۔ کیا محبت میں ناکامی ہوئی ہے؟ اس نے جواب دیا "نہیں" تو پھر تم خودکشی کیوں کرنا چاہتے ہو؟ اس کا جواب تھا کہ وہ ایک عرصے سے اس الجھن میں مبتلا ہے کہ آخر انسان کی پیدائش کا مقصد کیا ہے کیونکہ جب تک وہ اس دنیا میں رہتا ہے، مصیبتوں میں گھرا رہتا ہے۔ آج اس نے تہیہ کیا تھا کہ وہ اس سوال کا جواب حاصل کر کے رہے گا اور اگر اس میں کامیابی نہ ہوئی تو وہ خودکشی کرے گا۔ اس پر میں نے اس سے پوچھا کہ آخر اس بھرے میلے میں تم نے اس سوال کے لیے مجھ کو منتخب کیوں کیا؟ کہنے لگا کہ مجھے یہاں سب سے زیادہ خوش آپ ہی نظر آ رہے تھے اس لیے میں نے سوچا کہ آپ سے

ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی

پوچھا جائے کہ بھگوان نے انسان کو کیوں پیدا کیا۔ میرا خیال تھا کہ آپ اس سوال کا جواب جانتے ہوں گے۔

میں نے اس کی یہ گفتگو سنی تو اس کی کلائی کو مزید مضبوطی سے پکڑ لیا اور اسے اپنے ساتھ لے کر میلے سے نکل آیا۔

باہر آ کر ہم نے تانگہ لیا اور علامہ اقبال کی کوٹھی میں پہنچ گئے۔ علامہ مرحوم اور نیازہ پر [illegible] چارپائی پر بیٹھے تھے ان دنوں الیکشن کی گہما گہمی زوروں پر تھی انہوں نے ہمیں دیکھا تو الیکشن کے بارے میں گفتگو کرنے لگے خلاف یہ کہ خواجہ دل محمد کو اپنی کامیابی کا بہت یقین ہے۔ تم لوگوں کا کیا خیال ہے؟ خودکشی پر تلا ہوا نوجوان علامہ کو سلام کر کے ایک طرف بیٹھ گیا تھا اور علامہ نے اس کی طرف کوئی خصوصی توجہ نہیں دی تھی ہم نے کچھ دیر الیکشن کے بارے میں گفتگو کی اور پھر کہا "ہم آج اس سلسلے میں حاضر نہیں ہوئے ہیں بلکہ مسئلہ یہ ہے کہ یہ جو نوجوان ہمارے ساتھ آیا ہے وہ خودکشی کرنا چاہتا ہے ہم اسے آپ کے پاس لائے ہیں کہ اسے مطمئن کریں" اس پر علامہ اقبال نے اس کی طرف دیکھا اور پھر ایک لمحے کے توقف کے بعد پوچھا "تمہارا مذہب کیا ہے؟" نوجوان نے جواب دیا "میرا کوئی مذہب نہیں" یہ سن کر اقبال مسکرائے اور کہا "تم غلط کہتے ہو اس دنیا میں کوئی شخص لامذہب نہیں ہے" بالآخر نوجوان نے اقرار کیا کہ وہ ہندو ہے "تناسخ پر یقین رکھتے ہو؟" نوجوان نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ علامہ نے حقے کی نَے منہ میں لی اور کش لینے کے بعد کہا: "اس صورت میں مرنے کے بعد تم تین قسم کی صورت حال سے دوچار ہو سکتے ہو۔ پہلی صورت یہ ہے کہ خودکشی کے بعد جو زندگی تمہیں ملے وہ تمہاری موجودہ زندگی جیسی ہی ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ وہ دنیا اس سے بھی بدتر ہو۔ البتہ تیسری صورت یہ بھی ممکن ہے کہ وہ زندگی اس زندگی سے بہتر ثابت ہو۔ گویا تین میں سے دو چانسز تمہارے خلاف جاتے ہیں۔ لہٰذا خودکشی کرنے کا کوئی جواز نہیں، یہ دنیا خوبصورت ہے۔ تم نوجوان ہو اسے مزید خوبصورت بنانے کی کوشش کرو" جب ہم اس گفتگو کے بعد علامہ کی کوٹھی سے باہر نکلے تو نوجوان نے کہا "اسے شانتی مل گئی ہے" جاتے جاتے اس نے مجھ سے پوچھا کہ یہ صاحب کون تھے جن سے آپ نے میری ملاقات کرائی ہے۔ میں نے اسے بتایا کہ یہ ہندوستان کی مشہور شخصیت علامہ اقبال ہیں۔ یہ سن کر اس کے چہرے پر روشنی کی ایک دوسری لکیر نمودار ہوئی۔

لیکن ہوا یوں کہ اس واقعے کے پندرہ دنوں بعد ہم نے اخبار میں پڑھا کہ ڈی اے وی کالج کے ایک طالب علم نے خودکشی کر لی ہے۔ میرے ذہن میں فوراً اس نوجوان کی شکل گھوم گئی اور میں نے سوچا کہ بعد کے حالات نے اسے ایک بار پھر خودکشی کی طرف مائل کر دیا ہو گا اور میں تھوڑی دیر کے لیے مغموم ہو گیا۔ اس واقعے کو کئی برس گزر گئے۔ ایک روز میں اخبار کا مطالعہ کر رہا تھا کہ ایک مضمون پر میری نظریں جم گئیں۔ اس کا موضوع خودکشی تھا۔ مضمون نگار نے لکھا تھا کہ وہ ایک عرصہ تک زندگی اور موت کے مسئلہ کو سمجھنے کی کوشش کرتا رہا لیکن جب اس میں کامیابی نہ ہوئی تو اس نے خودکشی کا مصمم ارادہ کر لیا۔ لیکن ایک ہمدرد انسان ان لمحوں میں اس کے آڑے آ گیا اور اسے علامہ اقبال کے پاس لے گیا۔ علامہ کی گفتگو نے اس کی سوچ کا رخ بدل دیا اور مکمل طور پر اس کی کایا پلٹ ہو گئی۔ مضمون نگار نے لکھا تھا کہ علامہ کو اگرچہ یہ واقعہ اب میرے یاد نہیں ہے تاہم وہ ان کا یہ احسان تمام عمر نہیں بھول سکتا۔ وہ اس شخص کا نام جاننے کا متمنی بھی تھا، جو اسے علامہ کے پاس لے گیا تھا اور اس نے مضمون میں درخواست کی تھی کہ اگر وہ اسے پڑھے تو اپنے ایڈریس سے مطلع کرے کیونکہ وہ اسے بہت تلاش کر چکا ہے مگر اس میں کامیابی نہیں ہوئی — اور بالآخر میری خودکشی کے لیے گھر سے نکلنے والا یہ مضمون نگار دیویندر ستیارتھی تھا جو اس وقت تک ملک کی مانی پہچانی ادبی شخصیت بن چکا تھا۔"

ہندوستانی مسلمانوں کی مشاورتی کونسل کی پہلی کانفرنس

[illegible] ہندوستانی [illegible] [illegible] کو [illegible] [illegible] جلسہ [illegible] منعقد [illegible] [illegible] پروفیسر [illegible] [illegible] [illegible] ہندوستانی [illegible] [illegible] صاحب [illegible] [illegible] شرکت کی۔

کانفرنس کا آغاز [illegible] سے [illegible] [illegible] صاحب کی [illegible] سے ہوا۔ [illegible] بعد [illegible] اور [illegible] نماز عصر کے بعد پروفیسر [illegible] [illegible] ہو گئی۔ نماز مغرب اور عشا کے بعد ایک محفل مشاعرہ بھی منعقد ہوئی جس میں مقامی شعراء میں سے عقیل شاہجہانپوری، نذیر حیدر، اکبر قریشی، محمد علی عبرت، آغا زیدی اور سیمانی نے شرکت فرمائی۔

قریشی صاحب نے اپنے خطبہ میں فرمایا کہ ہندوستانی مسلمانوں پر جو افتاد پڑی ہے اس کی اصل وجہ ان کا مذہب اور زبان کا فرق ہے۔ ہندو اسے سیاسی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ دراصل یہی ہندوؤں کے تہذیبی و تمدنی احساس کمتری کو بھی دخل ہے جو عناد اور حسد کی شکل اختیار کر لیتا ہے ورنہ ہندوستانی مسلمان نہ تو غدار ہیں اور نہ ہی انہیں معاشی بالادستی حاصل ہے کہ وہ کسی طرح ہندو اکثریت کے لیے باعث خطرہ ثابت ہو سکیں۔ یونس نسیم صاحب نے اس کا اعتراف کیا کہ ہندوستانی مسلمانوں کے ساتھ جا و بیجا زیادتیاں ہوتی رہی ہیں لیکن اب حالات بدل رہے ہیں۔ پروفیسر [illegible] اس نتیجہ پر پہنچے کہ ہندوستان سے اسلام مذہب کی حیثیت سے کبھی ختم نہیں کیا جا سکتا البتہ اردو زبان مسلمانوں کی مذہبی اور تمدنی ضرورت خاطر خواہ طور پر پوری کرتی رہے گی لیکن اسے وہ مقام نہیں مل سکتا جو اس کا حق ہے اور جس کی وہ صحیح معنوں میں اہل ہے۔ ہندوستانی مسلمانوں کے ساتھ جو زیادتیاں ہوتی ہیں وہ پہلے شاید کسی نہ کسی شکل میں ہوتی ہی رہیں گی اگر حالات بدل رہے ہیں۔

محفل مشاعرہ نہایت اہتمام سے آراستہ کی گئی تھی جو بڑی تعداد میں خواتین و حضرات نے سنا اور پسند کیا۔ کانفرنس نے نظم و ضبط اور انتظام و سلیقے کا اچھا نمونہ پیش کیا جس کے لیے منتظمین لائق مبارکباد ہیں۔

شمالی امریکہ کے ہندوستانی مسلمانوں کی اس مشاورتی مجلس کا قیام ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل کے پیش نظر عمل میں آیا تھا۔ یہ مجلس پچھلے آٹھ دس سالوں سے ہندوستانی طلباء کو وظائف دیتی ہے، جیز کی ہسپتال چلاتی ہے اور ایک انگریزی کی ماہنامے کی مالی مدد کرتی ہے۔

★

اپنی تجارت کی ترقی اور ضروریات کے لیے

کریسنٹ

میں اشتہار دیجئے!

★

پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والوں کی مایوسی

میاں محمد شفیع ایم اے

آمد و ایاب SUPPLY AND — اور ڈیمانڈ DEMAND کا اصل قانون ان دنوں پاکستان کی سیاسیات میں بھی ایک دلچسپ صورت حال کو جنم دے رہا ہے جب سے پیپلز پارٹی میں نئے داخل ہونے والے نوابوں، نواب زادوں، صاحبزادوں اور خان بہادروں کی سپلائی لگاتار بڑھ رہی ہے اسی رفتار سے پارٹی میں ان کے سواگت کی ڈیمانڈ مائل بہ تنزل ہے۔ مثلاً جس روز سردار خضر حیات خان آف [illegible] نے نواب سر محمد شاہ نواز خان ممدوٹ کے دبے پر ہاتھ مارنے کے خیال سے وزیر اعلیٰ پنجاب جناب نواب صادق حسین قریشی کے دست حق پرست پر پی پی پی میں شرکت کے لیے بیعت کا اعلان کیا تو ریڈیو پاکستان سے خبریں نشر ہونے والے تینوں بلیٹنوں میں ان کے مشرف بہ پی پی پی ہونے کا اعلان کیا گیا۔ سردار صاحب مرحوم کے اعلان کے چند روز بعد میرے ضلع کے پوٹھوہاری وکیل جناب ذوالفقار علی بخاری سابق ایم این اے کے مشہور جاگیردار محمد افضل خان کے اخلاقی تعاون کے تحت پاکستان مسلم لیگ سے طلاق حاصل کر کے پی پی پی کی زوجیت کا طوق اپنی گردن میں ڈالا تو ریڈیو پاکستان نے اپنے نیوز بلیٹنوں کے ایک ہی نشریہ میں ان کے تجدید ایمان کا اعلان ضروری سمجھا لیکن جب داخل حسنات ہونے والوں کی باقاعدہ قطار لگ گئی تو نہ صرف ریڈیو بلکہ سرکاری اخبارات کی سرخیوں میں بھی ان کے ورود مسعود کی خبروں میں کمی آنے لگی۔ اب وہ وقت دور نہیں کہ جب ہر اس شخص کے جس کے تحت الشعور میں آئندہ انتخابات میں ممبر بننے کی امنگ انگڑائی لے رہی ہے۔ پی پی پی میں شمولیت اختیار کر لینے کے بعد پی پی پی کے دفتر والے ماتھے پر تیوری ڈال کر پوچھیں گے کہ "کیا بات ہے، یہاں کیوں آئے ہو؟"

اب جبکہ پی پی پی میں آئندہ انتخابات کے نئے امیدواروں کا سیلاب بڑھتا جا رہا ہے۔ اسی نسبت سے پی پی پی کے پرانے اور ابتدائی کارکنوں کی تشویش بڑھ رہی ہے کیونکہ جب اقتصادیات کا یہ اصل قانون مسلم ہے کہ جب امیدواروں کی ٹیم بڑھتی جائے گی ان کی ٹکٹ کی قیمت میں کمی آتی جائے گی۔ اس نفسیات کے تحت [illegible] سے الگ روز پنجاب اسمبلی کے ایک ممبر میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے اپنے مد ہوش کر کے ان کو [illegible] کی [illegible] کے مستقبل کے

متعلق پریشانی کا اظہار کیا۔ ان میں سے ایک نے جو شیخ محمد رشید کی کسان پارٹی کے ایک سرگرم سابق رکن ہونے کی حیثیت سے میرے ہمسفر ساتھی رہے ہیں اور جنہیں پختہ یقین ہو چکا ہے کہ آئندہ انتخابات میں انہیں پارٹی ٹکٹ نہیں ملے گا مجھے گلے لگاتے ہوئے کہا: "محترم ٹھیک ہی کہتے تھے پی پی پی نہ تو سوشلسٹ پارٹی ہے اور نہ عوامی اور جمہوری اور اسلامی۔ یہ تو محض ایک فیوڈلسٹ پارٹی ہے۔" میں نے ساتھ کھڑے ہوئے سی آئی ڈی کے ایک سفید لباس والے کو سنانے کے خیال سے ذرا بلند آواز سے کہا کہ "دوستی دو روزہ یاراں، فرزند الحق۔ یاراں دا یار" میں نے تم سے کب کہا تھا کہ پی پی پی اسلامی سوشلسٹ، عوامی اور جمہوری پارٹی نہیں۔ میں پہلی مرتبہ تمہاری زبان سے سن رہا ہوں کہ پی پی پی فیوڈلسٹ پارٹی کا مجموعہ ہے؟" میرے دوست نے اپنی گرفت ڈھیلی کرتے ہوئے کہا "معلوم ہوتا ہے۔ کہ تم بھی پی پی پی کے ٹکٹ کی امیدواری کے خواب دیکھ رہے ہو" اور پھر کھسیانی ہنسی ہنستے ہوئے بھیڑ میں جا گھسے۔

سچی بات یہ ہے کہ پنجاب کے چیف منسٹر اپنے نانا سر سکندر حیات خان کی طرح اعلیٰ پایہ کے پارلیمنٹیرین نہیں ہیں لیکن وہ اپنے گاؤں تمندار نواب عاشق حسین کی طرح وسیع الاخلاق ہونے کے علاوہ اعلیٰ پایہ کے کاشتکار ہیں۔ جس شخص کو نواب مشتاق احمد خان گورمانی بھی کاشتکاری میں اپنا استاد قرار دیں اس کی مہارت سے کون انکار کر سکتا ہے چنانچہ آپ نے اپنے سیاسی تجربہ تعلقات کے لیے زمین ہموار کرنے پر مصروف کا پروگرام بنایا ان کے اس مخصوص سعی کے نتائج اب نکلنے لگے ہیں ایک طرف گندم کی بھرپور فصل، وقت کی فضل سے، اور دوسری طرف کھیتوں کے مرغزار ہیں اور دوسری طرف سیاسی خرمن جس کے نظارے کا دل کش منظر آنکھوں میں ابھر رہا ہے۔

اب تو انہیں سے اندیشہ کو کچھ نشستیں پارٹی صاحب وکیل [illegible] وہ ایک طرف نیپ کے لیڈروں پر بغاوت کے مقدمات چل رہے ہیں ان کا کسی بھی پارٹی کے لیبل کے تحت

انتخابات میں حصہ لینا خارج از بحث ہے، دوسرا قیوم مسلم لیگ کے بڑے بڑے لیڈر یا تو جیلوں میں بند ہیں یا ان کے خلاف طرح طرح کے مقدمات درج کیے جا چکے ہیں۔ جناب صفدر کم کا سکا کا تو زی کی کاروں مستقل طور پر تعاقب کرنے میں مصروف رہتی ہیں اور متحدہ جمہوری محاذ میں شامل جماعتوں کے "ایک پاکستان ایک منشور اور ایک جھنڈے" کے پروگرام میں ڈھل جانے کی راہ میں بعض اصول اور بعض نفسیاتی مصلحتیں حائل ہیں۔

اگرچہ یہاں اور کا مجموعہ ۱۹۷۰ کا مجموعہ نہیں ہے، اور اسی طرح ۱۹۷۶ کی پی پی پی کا ۱۹۷۰ کی پی پی پی سے کوئی مقابلہ نہیں لیکن ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ عملی طور پر آج ملک کے تمام ذرائع بھٹو اور پی پی پی کی پشت پر ہیں، اس لیے حالات میں آئندہ عام انتخابات میں پی پی پی کی کامیابی کے امکانات کو مخدوش قرار نہیں دیا جا سکتا لیکن ایک دور بین دانشور کی حیثیت میں جناب بھٹو کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اپوزیشن کو غیر جمہوری طریقوں سے کمزور کر کے یا ختم کر کے جب وہ دوبارہ پاور میں ابھریں گے تو ایسی پاور سیاسی، قومی اور اقتصادی محاذوں پر بے شمار پیچیدگیوں کو جنم دینے کا باعث ہو گی، جس سے عہدہ برآ ہونا اچھے اچھوں کے لیے بھی کار دارد ہو گا۔

میں اپنے بہتر بھائی کی اطلاع کے لیے یہاں یہ تحریر ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں تک میرا تعلق ہے۔ میرے سیاسی باپ قائد اعظم تھے۔ میں ۱۹۳۲ء سے مسلم لیگ کا ایک بنیادی ممبر تھا جس کے صدر علامہ اقبال تھے میں آج بھی لیگ کا ایک ادنیٰ رکن ہوں، جس کے قائدین میں چوہدری محمد حسین چٹھہ کا شمار ہوتا ہے اور میں میاں ممتاز دولتانہ سے معذرت کے ساتھ میں بھی مسلم لیگ کے ہی اس جہاں سے رخصت ہونے کی تمنا رکھتا ہوں۔ وما توفیقی الا باللہ۔

کالعدم نیپ کے متعدد راہنما گرفتار کر لیے گئے

گرفتار ہونے والوں میں سینیٹ میں حزب اختلاف کے قائد ہاشم غلزئی، سینیٹر حاجی غلام احمد بلور، سینیٹر سید حسن شاہ، قمر گردیزی، امیرزادہ خان، عزیز اللہ شیخ اور صبیح جالب شامل ہیں

وفاقی تحقیقاتی ادارے نے گرفتاریاں عمل میں لائیں، حیدرآباد جیل میں گرفتار شدگان پر خصوصی ٹریبونل میں مقدمہ چلایا جائیگا

گرفتار شدگان کے خلاف غداری اور ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے کا الزام

گرفتاریوں کے خلاف بطور احتجاج سینیٹ کے اپوزیشن ارکان اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے

وفاقی وزیر قانون آج سینیٹ میں گرفتاریوں کے بارے میں بیان دیں گے

ضلع میمن سنگھ کے سرحدی علاقے پر مارٹروں سے دو سو گولے پھینکے گئے

بھارت جارحانہ کارروائیوں سے باز آ جائے، بنگلہ دیش کا انتباہ

بنگلہ دیش کی جوابی کارروائی نے بھارتی توپ خانے کو خاموش کر دیا

بیرون ملک بھرتی کی ایجنسیوں کیخلاف شکایات بھی زیر غور آئیں گی

افرادی قوت کے ڈویژن کی کارگردگی کو بہتر بنانے پر غور ہوگا

کراچی — (پ پ) اسلام آباد میں عنقریب ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں بیرونی ممالک کے لئے پاکستانی افرادی قوت بھرتی کرنے والی ایجنسیوں ...

بنگلہ دیش میں ملک دشمنی کے دو ملزموں

کو ۲۴ سال قید اور ۸۰ ہزار ٹکے جرمانے کی سزا

ڈھاکہ — (رینڈیا رپورٹ) بنگلہ دیش کی فوجی عدالت نمبر ۲ نے آج ایک شخص عبداللطیف صدیقی کو ملک دشمن سرگرمیوں کے الزام میں ۲۴ سال قید اور ۸۰ ہزار ٹکے جرمانہ کیا اس کے ایک ساتھی عبداللہ فیض کو ۲ سال قید اور پچاس ہزار ٹکے جرمانہ کیا گیا دونوں ملزموں پر اور سزائیں ان کی عدم موجودگی میں سنائی گئیں۔

CAPITOL TRADERS

پاکستان جانے سے پہلے
اپنی ٹائیفوئڈ کا ٹیکہ کرانا
نہ بھولئیے!
آپ کی سہولت کے لیے ہم
امیگریشن اور دیگر
تمام کاغذی کارروائی
کا فوری انتظام کرتے ہیں

ٹی وی، ریڈیو، ہیٹر
اور بجلی کا سامان لے
جانے کے لیے بھی ہماری
خدمات حاصل کریں

CAPITOL TRADERS
P. O. BOX 953,
WINDSOR, ONT.
(519) 256
TORONTO (416) 465 5412

دفعہ ۱۲۴ کی خلاف ورزی پر مفتی محمود کے خلاف مقدمہ، جمعیت علمائے اسلام کے تین کارکن گرفتار کر لئے گئے

ملتان — (نمائندہ خصوصی) ...

ایتھوپیا کی نوجوان اریٹیریا کے دو سو مسلمانوں کو ہلاک کر دیا

قتل عام ایتھوپیا کے ایک کرنل کے قتل کا انتقام لینے کے لیے کیا گیا۔

Please Visit Us for
Masalas, Rice,
Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دکان

Afro Asian
918 PAPE AVENUE,
TORONTO
Phone 463-1287

لیاقت علی خاں کے قاتل سید اکبر کو بھارت کے خلاف جہاد شروع نہ کرنے پر سخت مایوسی ہوئی تھی

... کی ڈائری کے مطابق ایک دو دیگر عوامل بھی جرم کے ارتکاب کا باعث تھے: قتل ملزم کا ذاتی فعل تھا

میں نے قاتل کو پچاس سیکنڈ کے اندر قابو میں لے کر ختم کر دیا تھا

ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ پولیس شیخ ابرار احمد سے انٹرویو

ملتان۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ریٹائرڈ ایس پی شیخ ابرار احمد نے بتایا ہے کہ پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خاں پر گولی چلانے کے پچاس سیکنڈ بعد انہوں نے قاتل سید اکبر کو ختم کر دیا کیونکہ اس کے قبضے سے پستول چھین لیا ... پولیس شیخ ابرار احمد ... اپنے عہدے کا چارج چھوڑ دیا تھا ...

بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کا نمائندہ کنونشن اسلام آباد میں ہوگا

پاکستانی تارکین وطن کے مسائل حل کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی

میں اپنی تجاویز بہت جلد وزیراعظم بھٹو کو پیش کر دوں گا: کوثر نیازی

اسلام آباد ۲۸ اپریل (اپپ) مذہبی امور، اقلیتوں اور سمندر پار رہنے والے پاکستانیوں کے امور کے وفاقی وزیر مولانا کوثر نیازی نے کہا ہے کہ عنقریب اسلام آباد میں ایک نمائندہ کنونشن بلایا جائے گا جس میں سمندر پار رہنے والے پاکستانیوں کے روزمرہ مسائل پر بحث کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کنونشن بلانے کے بعد ہم ان کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہو سکیں گے اور انہیں حل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا میں اپنی تجاویز عنقریب وزیراعظم بھٹو کو پیش کر دوں گا اور مجھے توقع ہے کہ کنونشن ستمبر یا اکتوبر تک منعقد ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا تقریباً ۵۰ مندوبین کو کنونشن میں شرکت کی دعوت دی جائے گی اور وہ حکومت پاکستان کے مہمان ہوں گے۔ برطانیہ میں جشن عالم اسلام میں شرکت کرنے کے بعد اسلام آباد واپس پہنچنے پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کنونشن سمندر پار رہنے والے پاکستانیوں کو ملکی حالات سے باخبر رکھنے میں مدد و معاون ثابت ہوگا اور اس سے عوامی حکومت کی ان فیصلہ کن کوششوں کا بھی اظہار ہو سکے گا کہ وہ ان کے مسائل حل کرنے کے لئے کتنی بے چین ہے۔ مولانا کوثر نیازی نے کہا کہ وزیراعظم ...

... حکومت کے اس اقدام کا ہر جگہ خیر مقدم کیا گیا ہے ... حکومت کا ایک انقلابی فیصلہ قرار دیا گیا ہے انہوں نے کہا برطانیہ کے دورے کے دوران انہوں نے ہر شعبۂ فکر کے لوگوں سے ملاقات کی ہے اور ان کی شکایات کو سنا ہے۔ انہوں نے کہا میں اگلے برس ... برطانیہ کا مفصل دورہ کروں گا۔

حمود الرحمن کمیشن کی رپورٹ

ایک دن ضرور شائع ہوگی

نیپ کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے سے مطمئن ہوں

(ریٹائرڈ چیف جسٹس حمود الرحمن)

گوجرانوالہ: ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ چیف جسٹس جناب حمود الرحمن نے کہا ہے کہ نیشنل عوامی پارٹی کے متعلق فیصلہ پوری تحقیق کے بعد کیا گیا تھا اور وہ اس فیصلے سے ہر طرح مطمئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ کسی فرد کے خلاف نہیں بلکہ ایک سیاسی پارٹی کے خلاف تھا۔ یہ بات آج انہوں نے نمائندہ نوائے وقت سے غیر رسمی بات چیت کے دوران کہی۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کالعدم نیپ کے کئی رہنماؤں کی حالیہ گرفتاری عدالتی فیصلے کی روشنی میں کی گئی ہے تو انہوں نے کہا کہ میں کوئی سیاسی لیڈر نہیں ہوں اس لئے میں کسی سیاسی سوال کا جواب دینے سے معذور ہوں ...

... شائع کردی گئی تو پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات متاثر ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ چونکہ میری سابقہ رپورٹیں ہمیشہ شائع ہوتی رہی ہیں اس لئے مجھے یقین ہے کہ ایک نہ ایک دن میری یہ رپورٹ بھی ضرور شائع ہوگی۔

ملک میں عام انتخابات کرانے کے لئے ضروری انتظامات شروع کر دیئے گئے

حیدرآباد ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ...

... مدت اگست ۱۹۷۷ء میں ختم ہو رہی ہے لیکن یہ امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ قومی اسمبلی مقررہ مدت سے پہلے ہی توڑ دی جائے گی اور عام انتخابات کرائے جائیں گے۔

مولانا عبدالستار نیازی

مولانا عبدالستار نیازی پر حملے کے خلاف یوم احتجاج منانے کی اپیل

لاہور ۔۔۔ (وقائع نگار) جمعیت العلمائے پاکستان نے مولانا عبدالستار خان نیازی پر حملے کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے آئندہ جمعہ کو ملک بھر میں یوم احتجاج منانے کا اعلان کیا ہے۔ اس روز مساجد میں حکومت کی تشدد پسندانہ پالیسیوں اور مولانا پر حملہ کی مذمت کی جائے گی اور اس حملہ میں ان کے بچ جانے کی خوشی میں نماز شکرانہ ادا کی جائے گی۔ جمعیت کے صدر مولانا شاہ احمد نورانی اور سیکرٹری جنرل نے آج یہاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس فیصلہ کا اعلان کیا۔ مولانا عبدالستار نیازی نے الزام لگایا کہ ان پر قاتلانہ حملہ حکومت نے کرایا ہے کیونکہ وہ انہیں قید و بند اور ظلم و تشدد کے ذریعہ حق بات کہنے سے نہیں روک سکی۔ اب اس طریقے سے ان سے چھٹکارا حاصل کیا جا رہا ہے۔

ایک ہزار پاکستانی مسقط جیل میں مختلف المیعاد سزائیں بھگت رہے ہیں

یہ تمام افراد ریکروٹنگ ایجنسیوں کے ذریعے مسقط پہنچے تھے

ویزے اور سفری دستاویزات جعلی تھیں: واپس آنے والے ایک پاکستانی کا بیان

کراچی ۔ ۱۶ اپریل (نمائندہ خصوصی) مسقط سے آنے والے ایک شخص غلام حسین نے بتایا ہے کہ اس وقت مسقط کی جیل میں تقریباً ایک ہزار پاکستانی مختلف المیعاد سزائیں بھگت رہے ہیں۔ ان کا جرم صرف یہ ہے کہ وہ جعلی دستاویزات کے ذریعہ مسقط میں داخل ہوئے تھے۔ چک ۹، تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور کے غلام حسین نے مزید بتایا کہ پاکستان کے مختلف شہروں میں عرب ریاستوں میں پاکستانیوں کو بھجوانے کے لئے جو ریکروٹنگ ایجنسیاں قائم ہیں ان میں سے اکثر محض دھوکے بازی کے اڈے ہیں۔ یہ بڑے بڑے اشتہاروں کے ذریعہ روزگار کے متلاشیوں کو عرب ریاستوں میں بھجوانے کا وعدہ کرتے ہیں ان سے ہزاروں روپے وصول کرتے اور جعلی ویزوں پر انہیں متعلقہ ملک میں بھجوا دیتے ہیں۔ ان بھولے بھالے پاکستانیوں کو ان عرب ریاستوں میں جا کر پتہ چلتا ہے کہ ان کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ... افراد کے ہمراہ لاہور کی ایک ریکروٹنگ ایجنسی کے ذریعہ چھ ہزار روپے ادا کر کے مسقط پہنچے تھے۔ وہاں حکام نے بتایا کہ ان کے ویزے اور سفری کاغذات جعلی ہیں ...

شملہ معاہدہ دم توڑ رہا ہے: بی بی سی

لندن ۔۔۔ (اپپ) بی بی سی ... نے تبصرہ کیا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان شملہ معاہدہ پارہ پارہ ہوتا دکھائی دے رہا ہے ...

فرانس نے ۸۵ پاکستانیوں کو ملک سے نکال دیا

کراچی پہنچنے پر تمام افراد کو گرفتار کر لیا گیا

پیرس ۔۔۔ (اپپ) فرانس نے گزشتہ ... پاکستانیوں کو گرفتار کیا تھا ... کی نگرانی میں ایک خصوصی چارٹرڈ طیارے میں پاکستان بھجوا دیا گیا۔ ان لوگوں پر الزام ہے کہ ان کے پاس تین ماہ کے لئے سیاحت کے ویزے تھے ... ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان نے خبر دی ہے کہ یہ پچاسی پاکستانی کراچی پہنچ گئے ہیں اور ہوائی اڈے پر امیگریشن حکام نے انہیں حراست میں لے لیا ...

بلوچستان میں سابق سرداروں نے پرائیویٹ جیلیں ختم کر دیں

بندی خانوں میں کوئی قیدی موجود نہیں ہے: سرکاری ترجمان

وزیراعظم بھٹو کی ہدایت پر عمل نہ کرنے والے سرداروں کو سخت سزائیں دی جائیں گی

پاکستان تاشقند کے فلمی میلے میں شرکت کرے گا

کراچی ۔۔۔ (اپپ) پاکستان ... تاشقند میں شروع ہونے والے بین الاقوامی فلمی میلے میں شرکت کرے گا ...

"HERE IS A MILLION DOLLAR SMILE"

Capitol Travel

"WORLD WIDE TRAVEL"

وطن جانے کے لیئے اپنے وطن کے نمایاں ٹریول ایجنٹ کی خدمات حاصل کریں۔

تفصیلات کے لیئے آج ہی شکیل خان یا ظہیر مودی کو فون کیجئے۔

کینیڈا اور امریکہ کے سب سے بڑے پاکستانی ٹریول ایجنٹ

Capitol Travel

741 BROADVIEW AVENUE
SUITE 306
TORONTO, ONT. M4K 3Y3

Telephone: 465-5411

A&S COLLISION CENTRE (TORONTO) LIMITED

751-6699

MASOOD AHMAD

● COMPLETE BODY WORK
● OVEN BAKED FINISHES

Complete Paint Jobs $135 up

122 MANVILLE RD SCARBORO

1 BLOCK EAST OF WARDEN AVE

تینوں ممالک میں آزاد تجارت کا علاقہ قائم ہونے بغیر آر سی ڈی کی سا مقصد پیش رفت ممکن نہیں

سربراہی کانفرنس کے ابتدائی اجلاس سے وزیراعظم پاکستان کا خطاب

آر سی ڈی کے نئے مقاصد متعین کرنے کی ضرورت ہے: صدر کوروترک

باہمی سلامتی کے تحفظ سمیت تعاون کے تمام پہلو زیر غور آئیں گے

سربراہ کانفرنس کے بعد تینوں ممالک کا سیاسی تعاون برقرار رہے گا: بی بی سی

ازمیر — (ریڈیو رپورٹ) علاقائی تعاون برائے ترقی کے سربراہوں کی پانچویں کانفرنس آج یہاں بحیرہ ایجین کے ساحلی شہر کے ہوٹل ہلٹن میں پاکستانی وقت کے مطابق تقریباً ساڑھے سات بجے شروع ہوئی۔ شہنشاہ ایران، صدر کوروترک اور وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ایران، ترکی اور پاکستان کے وفود کی قیادت کی۔ اجلاس کی صدارت ترکی کے صدر کوروترک نے کی۔ تینوں ملکوں کے سربراہوں نے باہمی افہام و تفہیم اور اعتماد کی بنیاد پر آر سی ڈی کو مزید بامقصد بنانے پر زور دیا۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے زور دیا کہ اگر علاقائی تعاون برائے ترقی کی بامقصد پیش رفت مقصود ہے تو تینوں ممالک کے درمیان تمام تجارتی پابندیاں ختم کر دینی چاہئیں۔ اجلاس کے شروع میں صدر کوروترک نے استقبالیہ خطبہ پڑھا۔ انہوں نے ۱۹۶۴ء میں آر سی ڈی کے قیام کو انتہائی اہم فیصلہ قرار دیا اور اپیل کی کہ تعاون کے اس معاہدے پر نظر ثانی کر کے تینوں ممالک مشترکہ مستقبل کے لئے اپنے وسائل کی بنیاد پر باہمی انحصار بڑھانے کے لئے اس اتحاد کو نئی زندگی دیں۔ شہنشاہ ایران نے خطبہ استقبالیہ کا جواب دیا اور آر سی ڈی کو مزید فعال بنانے اور باہمی تعاون بڑھانے کی ضرورت کو تسلیم کیا۔

شہنشاہ کے بعد وزیراعظم بھٹو نے تقریر کی اور کہا آر سی ڈی کی بامقصد ترقی کے لئے تینوں ممالک کے درمیان آزاد تجارتی علاقہ قائم کر کے تمام بین العلاقائی تجارتی پابندیاں ختم کر دینی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو عشروں کے تجربے نے ثابت کر دیا ہے کہ سخت مقابلے کی اس دنیا میں صنعتی اور اقتصادی ترقی کے لئے علاقائی اشتراک عمل ناگزیر ہے۔

ایران، پاکستان اور ترکی میں آزاد تجارت کا علاقہ قائم کرنے اور تجارتی پابندیاں ختم کرنے سے ٹھوس اور معین تبدیلیاں عمل میں آئیں گی جو تینوں ممالک کے لئے انفرادی اور اجتماعی طور پر بے پایاں سودمند ہوں گی۔ وزیراعظم بھٹو نے کہا موجودہ

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو ازمیر روانہ ہونے سے قبل کراچی کے ہوائی اڈے پر

سربراہ کانفرنس تینوں ملکوں کے ذعما کو نہ صرف غور کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے کہ آر سی ڈی میں کس قدر نئی روح پھونکی جا سکتی ہے بلکہ اہم عالمی صورت حال کی تمام تر پیچیدگیوں کے پس منظر میں باہمی تعلقات کی بیک وقت ادراک کا اندازہ لگانے کا موقع بھی مل جاتا ہے۔

پاکستانیوں کو بیرونی ممالک سے قیام پاکستان کی مدت کے دوران استعمال کے لیے کاریں لانے کی ممانعت کر دی گئی

اسلام آباد — (ریڈیو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف نے اعلان کیا ہے کہ حکومت نے پاکستانیوں کو بیرونی ممالک سے قیام پاکستان کی مدت کے دوران استعمال کے لئے اپنے ساتھ کاریں لانے کی جو سہولت دے رکھی تھی وہ واپس لے لی گئی ہے اور یہ قدم اس لئے اٹھایا گیا ہے کیونکہ بعض لوگ اس مراعات سے ناجائز فائدہ اٹھا رہے تھے۔ انہیں بہت سی شکایات ملی تھیں۔ وزیر خزانہ نے اس امر کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت نے اسمگلنگ کے کیسوں کی تحقیقات کا عزم کیا ہوا ہے۔

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کسٹم حکام کو چھاپوں کے دوران نجی اقامت گاہوں کا تقدس برقرار رکھنے کی جو ہدایات جاری کی ہیں ان کی وضاحت کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا اس کا یہ مطلب نہیں لیا جانا چاہیے کہ نجی مکانات اور جگہوں میں کسی حالت میں داخل ہوا ہی نہیں جا سکتا۔ جہاں تک قانون کا تعلق ہے اس کے تحت کسٹم حکام کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی اقامت گاہ یا احاطے میں داخل ہو کر کاروائی کریں۔

Allice International
Unique Trade & Commerce
3240 Bloor St.,W.,Suite #5A
Toronto, Ont. CANADA M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 459-0820

گاڑی کی مرمت رنگ و روغن اور انشورنس کلیم کے لیے ظہیر ہیر کو فون کیجئے۔
سستے کرائے پر کار بھی دستیاب ہے۔

IF THIS Happens To You!



Expert Body Work
General Collision Repairs
Spray Painting
Guaranteed Work
FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
514 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

لاہوری طرز کے لذیذ
"چھولے پوری"
سے لطف اندوز ہونے کے لیئے ہر ہفتے کے روز صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک تشریف لائیے۔
KOH-I-NOOR
CURRY CENTRE
99 DAVENPORT ROAD
KHALID BUKHARI PHONE 923-2777

میں عام انتخابات کرانے کے لئے اپوزیشن کے اتحاد کا منتظر ہوں

اپوزیشن کا مشترکہ منشور کسی عجیب الخلقت بچے کی مانند ہوگا

رائے مسلم لیگ کا منشور تیار کرتے تو وہ مبہم ہوتا: وزیراعظم

لاہور — (نامہ نگار خصوصی) وزیراعظم بھٹو نے کہا ہے کہ وہ انتخابات کرانے کے اعلان سے قبل حزب اختلاف کو متحد دیکھنا ہونے کا موقع دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے اپوزیشن کے مجوزہ مشترکہ منشور کو عجیب و غریب قرار دیا اور کہا کہ اتنی متضاد خیال جماعتوں کا مشترکہ منشور ایک ایسے عجیب الخلقت بچے کی طرح ہوگا جس کے بارے میں یہ بتانا مشکل ہوگا کہ وہ مرد ہے یا عورت۔ گورنر ہاؤس میں اخبار نویسوں کے ساتھ غیر رسمی بات چیت کے دوران ایک سوال کے جواب میں

کہ ملک میں عام انتخابات کب ہوں گے۔ وزیراعظم بھٹو نے کہا میں عام انتخابات کے انعقاد کے بارے میں کیا فیصلہ کر سکتا ہوں جب کہ آئین نے اس بارے میں فیصلہ صادر کر رکھا ہے۔ وزیراعظم نے کہا میں انتخابات اس وقت کرواؤں گا جب حزب اختلاف طاقتور ترین ہو۔ میں ایسے وقت انتخابات کے انعقاد کا اعلان نہیں کرنا چاہتا جب حزب اختلاف بٹی ہوئی ہو۔ ایک نامہ نگار نے یہ کہا کہ حزب اختلاف کے نقطہ نگاہ سے وہ طاقتور ہونے کی بجائے روز بروز کمزور ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے طنزیہ کہا کہ ہم انہیں کمزور اور منتشر اور بکھرا ہوا دیکھ چکے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ متحد ہوں تاکہ ایسے انتخابات ہو سکیں کہ عوام بھی محظوظ ہو سکیں۔ انہوں نے کہا ہم تو چاہتے ہیں وہ اکٹھے ہوں۔ مشترکہ امیدوار کھڑے کریں۔ ان کا مشترکہ پارلیمانی بورڈ ہو

اور متفقہ منشور بھی ہو۔ وزیراعظم نے کہا میں ان کا متفقہ مشترکہ منشور اور وہ عجیب الخلقت بچہ جو یہ پیدا کریں گے دیکھنا چاہتا ہوں کہ اس کی شباہت مرد سے ہے یا عورت سے۔ یہ بھی دیکھنا چاہتا ہوں کہ کس طرح سے مختلف الخیال جماعتیں اکٹھی ہوں گی اور کس طرح متفقہ منشور تیار کریں گی۔ میں بڑے تجسس کے ساتھ ان کے مشترکہ منشور کا منتظر ہوں۔ وزیراعظم نے حزب اختلاف کے مجوزہ مشترکہ پارلیمانی بورڈ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اس بورڈ کے لئے متفقہ امیدوار کھڑے کرنا تو آسان ہی ہوگا۔ اخبار نویس نے جب وزیراعظم کی توجہ اس طرف مبذول کرائی کہ سردار محمد حنیف رامے مسلم لیگ کا منشور تیار کر رہے تھے لیکن وہ اب پابند سلاسل ہیں۔ تو وزیراعظم نے ہنسی میں جواب دیتے ہوئے کہا "ان کا تیار کردہ منشور مبہم ہوتا۔" وزیراعظم نے ایک دوسرے سوال پر کہا کہ حزب اختلاف

کی سوچ نوآبادیاتی نظام کے تابع ہے۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ خود ہم نے بھی نوآبادیاتی نظام میں آنکھ کھولی۔ مگر ہم نوآبادیاتی غلامانہ ذہنیت نہیں رکھتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بعض لوگ اپنے آپ کو غلامانہ ذہنیت کی قید سے آزاد نہیں کر سکے۔

غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے والوں کو تین سال قید کی سزا دی جا سکے گی

حکومت تارکین وطن کے بارے میں ایک قانون بنا رہی ہے: تاج محمد جمالی

راولپنڈی — (اپ پ) وفاقی وزیر محنت سردار تاج محمد خان جمالی نے کہا ہے کہ غیر ملک کے لئے بھرتی کرنے والے ایجنٹوں کو جو غیر قانونی حرکات میں ملوث پائے گئے سزا دی جائے گی ان کی ضمانت ضبط کر لی جائے گی اور لائسنس منسوخ کر دیئے جائیں گے۔ تارکین وطن نے ان ایجنٹوں کو جو رقوم ادا کی ہوں گی وہ ان سے وصول کی جائیں گی اور آئندہ

انہیں کسی قسم کا لائسنس نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ مختلف شہروں میں ان کی سہولت کے لئے جو دفتر قائم کئے گئے ہیں وہ ان سے رابطہ قائم کریں اور وہ جو ملکوں کو جانا چاہتے ہیں ان کے بارے میں ان سے مکمل معلومات حاصل کریں۔ یہ حکام انہیں صحیح اطلاعات بہم پہنچائیں گے اور وہ غیر ضروری پریشانی سے بچ جائیں گے۔ وفاقی وزیر محنت نے کہا کہ غیر قانونی طور پر ملک سے جانے والوں کے خلاف ایک قانون تیار کیا جا رہا ہے جس کے تحت ایسے افراد کو تین سال قید کی سزا دی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا جو لوگ غیر قانونی طور پر بیرونی ممالک جائیں گے حکومت ان کی کوئی مدد نہیں کر سکے گی اور وہ اپنی تکالیف کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ انہوں نے کہا ان کے غلط اقدام کی وجہ سے ان کے ہم وطن اگر ان کی مذمت کریں تو وہ حق بجانب

ہوں گے کیونکہ وہ پاکستان کے لئے بدنامی کا باعث بنتے ہیں۔ آج عمان کے سفیر نے وزیر محنت سے ملاقات کی اور ان تارکین وطن کا مسئلہ زیر بحث آیا جو غیر قانونی طور پر عمان چلے گئے ہیں۔ انہوں نے وزیر محنت کو یقین دلایا کہ وہ اپنی حکومت کے ساتھ اس مسئلے پر بات چیت کریں گے۔ وزیر محنت نے ان سے کہا کہ پاکستان ایسی کوششوں سے بہت خوش ہوگا۔

سردار محمد حنیف رامے کو کیمبل پور جیل منتقل کر دیا گیا

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) معلوم ہوا ہے کہ مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر سردار محمد حنیف رامے کو اٹک کیمپ جیل لاہور سے کیمبل پور جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

SID TRAVELS
WORLD-WIDE TRAVEL

واحد پاکستانی ٹریول ایجنسی جو پاکستان کے لیئے انتہائی رعایتی داموں میں ٹکٹ فراہم کرتی ہے۔

پیرس
لندن
فرینکفرٹ
قاہرہ

اور دیگر ممالک میں حسب خواہش جتنے روز آپ چاہیں ٹھیرتے ہوئے رعایتی ٹکٹ پر سفر کیجیئے۔
ٹکٹ آپ کی رہائش گاہ تک پہنچانے کا بندوبست۔
ٹکٹ کی ادائیگی آسان قسطوں میں۔
اور بہت سی سہولتوں کے لیئے آج ہی فون کیجیئے۔

الحاج سعید احمد
Saeed (Sid) Khan

WINDSOR ONTARIO
Detroit (313) 961 3373
Res. (519) 253-9319

پندرہ روزہ
کرسینٹ
شورش کوئنیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔
سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

رائل البرٹ ہال لندن میں ۳ اپریل ۱۹۷۶ کو منعقد ہونے والے بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کا ایک منظر۔ سامنے بیٹھے ہوئے۔ دائیں سے بائیں ۱۔ شہزادہ محمد الفیصل بن شاہ فیصل شہید۔ ۲۔ جناب سالم عزام سیکرٹری جنرل اسلامک کانفرنس برائے یورپ ۳۔ عزت مآب شیخ عبدالحلیم محمود شیخ الازہر ۴۔ سید ہاشم الدین ایوب ... ۵۔ عزت مآب مولود قاسم وزیر اوقاف الجزائر ۶۔ جناب محمد اسد ۷۔ پروفیسر خورشید ... شریعت شاہ عبدالعزیز یونیورسٹی (سعودی عرب) ۸۔ جناب منظم علی ... یورپ کونسل۔

غیر کمیونسٹ ملکوں میں آباد مسلمانوں کی تعداد انسٹھ لاکھ تیس ہزار ہے

یورپ میں مسلمانوں کی مجموعی آبادی

اسلامک کونسل آف یورپ کی تازہ ترین رپورٹ

اسلامک کونسل آف یورپ کی ڈائریکٹر جنرل دی اسلامک فاؤنڈیشن نے اسلامیان یورپ کے جلسے میں اپریل ۱۹۷۶ میں جو تازہ ترین رپورٹ پیش کی اس کے مطابق اس وقت سارے یورپ میں مسلمانوں کی مجموعی آبادی ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ ۶ ہزار ہے۔ اس آبادی میں سے ۵۹ لاکھ ۳۰ ہزار مسلمان غیر کمیونسٹ ملکوں میں اور ایک کروڑ ۶۲ لاکھ ۷۵ ہزار فرزندان توحید کمیونسٹ یورپی ممالک میں بستے ہیں۔ اسلامک فاؤنڈیشن (یورپ) کے ڈائریکٹر جنرل مسٹر خورشید احمد لکھتے ہیں:

اسلام اپنے ظہور کی اولین صدی ہی میں یورپ میں بھی نوع انسان کو مساوات اور حقیقی انسانیت کا سبق دینے کے لیے پہنچنا شروع ہو گیا۔ شروع شروع میں یورپ میں اسلام کی روشنی اندلس (ہسپانیہ) کے راستے ۷۱۱ء اور ۹۲ ہجری میں اور سسلی (اٹلی کے جنوبی جزیرہ) سے ۸۲۷ء یا ۲۱۲ ہجری میں پہنچی اور چودہویں صدی عیسوی سے ریاستہائے بلقان نے اس کی ترویج و ترقی میں اہم کردار ادا کیا اور جب سے یورپ کے متعدد علاقوں میں مسلمان آباد ہیں۔ سپین (اندلس) پر تقریباً آٹھ صدیوں تک اسلامی نظام قائم رہا۔ بلقان کی ریاستوں اور فرانس، سوئٹزرلینڈ، جرمنی اور جنوبی اٹلی کے بھی کئی علاقوں میں اسلام پہنچ گیا۔ حتیٰ کہ مغربی یورپ کے بھی کئی علاقوں میں مسلمانوں کا وجود یہ مستقل قائم ہے بالخصوص جنگوں اور ایک ملک سے دوسرے ملک میں لوگوں کے انتقال سے کچھ تغیر و تبدل ضرور ہوا لیکن اس وقت یورپ کے مسلمانوں کی تعداد معلوم کرنا کوئی مشکل کام نہیں رہا۔

ریڈرز ڈائجسٹ ... کی تصنیف "جدید اسلامی دنیا" کے مطابق بلغاریہ میں مسلمانوں کی آبادی ۱۰ فی صد۔ البانیہ میں ۷۰ فی صد۔ یوگوسلاویہ، رہوڈس، ڈوڈیکنیز، رومانیہ اور یونان میں ۱۲ فی صد ہے۔

مسلمان مورخین اور مصنفین کے مطابق صرف ایک ہی ملک یعنی روس میں مسلمانوں کی تعداد ۲ کروڑ ساٹھ لاکھ بھی جاتی ہے۔ ذیل میں یورپ کے غیر کمیونسٹ ملکوں کے مسلمانوں کے متعلق جو اعداد و شمار پیش کیے جا رہے ہیں ان کو مرتب کرنے میں امیر شکیب ارسلان اور ڈاکٹر عبداللہ السدوسی کے تحقیقی مطالعے کا خاصا دخل ہے۔

الف۔ غیر کمیونسٹ یورپ:

نمبر شمار	ملک	مجموعی آبادی	مسلمانوں کی تعداد	فیصد تناسب
۱	الاوما	۳۰ ہزار	۳ ہزار	۱۵ فی صد
۲	آسٹریا	۷۵ لاکھ ۱۰ ہزار	۸ ہزار	—
۳	بلجیم	ایک کروڑ	۱½ لاکھ	۱.۵ فی صد
۴	قبرص	۷ لاکھ	ایک لاکھ ۴۰ ہزار	۲۰ فی صد
۵	ڈنمارک	۵۰ لاکھ	۲۰ ہزار	—
۶	فن لینڈ	۴۶ لاکھ ۸۰ ہزار	چار ہزار	—
۷	فرانس	۵ کروڑ ۲۱ لاکھ ۱۰ ہزار	۱۹ لاکھ ۶۰ ہزار ۵۰۰	۳.۴ فی صد
۸	جرمنی (مغربی)	۶ کروڑ ۱۶ لاکھ ۶۰ ہزار	۱۵ لاکھ	۲.۴ فی صد
۹	جبل الطارق (جبرالٹر)	۳۰ ہزار	۳ ہزار	۱۰ فی صد
۱۰	یونان	۸۹ لاکھ ۱۰ ہزار	۲ لاکھ ۶۰ ہزار	۳ فی صد
۱۱	آئرلینڈ	۳۰ لاکھ ۳۰ ہزار	۵۰۰	—
۱۲	اٹلی	۵ کروڑ ۴۰ لاکھ ۶۰ ہزار	۵ لاکھ ۱۶ ہزار	۱ فی صد
۱۳	لکسمبرگ	۳ لاکھ ۵۰ ہزار	ایک ہزار	—
۱۴	مالٹا	۳ لاکھ ۲۰ ہزار	۳۶ ہزار ۶۵	۱۱.۴ فی صد
۱۵	ہالینڈ (ہالینڈ)	ایک کروڑ ۳۴ لاکھ [illegible]	۲ لاکھ	۱.۵ فی صد
۱۶	ناروے	۳۹ لاکھ ۴۰ ہزار	۲ ہزار	—
۱۷	پرتگال	۸۵ لاکھ ۹۰ ہزار	۵ ہزار	—
۱۸	رہوڈس	—	۲۱ ہزار	—
۱۹	ہسپانیہ	۳ کروڑ ۴ لاکھ ۱۰ ہزار	۲۵ ہزار	—
۲۰	سویڈن	۹۵ لاکھ	۱۰ ہزار	—
۲۱	سوئٹزرلینڈ	۶۳ لاکھ ۶۵ ہزار	۵ ہزار	—
۲۲	برطانیہ	۵ کروڑ ۶۹ لاکھ [illegible]	۱۰ لاکھ	—
	میزان	۳۳ کروڑ [illegible]	۵۹ لاکھ ۳۰ ہزار	۱.۷۵ فی صد

ب۔ کمیونسٹ ممالک

نمبر شمار	ملک	مجموعی آبادی	مسلمانوں کی تعداد	فیصد تناسب
۲۳	البانیہ	۲۳ لاکھ ۵۰ ہزار	۱۵ لاکھ ۲۳ ہزار	۶۵ فی صد
۲۴	بلغاریہ	۸۹ لاکھ	۱۲ لاکھ ۷ ہزار	۱۴ فی صد
۲۵	چیکوسلواکیہ	ایک کروڑ ۴۶ لاکھ [illegible]	ڈیڑھ لاکھ	۱ فی صد
۲۶	ہنگری	ایک کروڑ ۴ لاکھ	۱۰ لاکھ ۵ ہزار	۱ فی صد
۲۷	پولینڈ	۳ کروڑ ۳۳ لاکھ	۶ لاکھ ۱۲ ہزار ۵۰۰	۲ فی صد
۲۸	رومانیہ	۲ کروڑ ۱۰ لاکھ	ایک لاکھ ۶۵ ہزار	—
۲۹	روس (یورپ)	—	۲ کروڑ ۴۰ لاکھ ۶۰ ہزار	—
۳۰	یوگوسلاویہ	۲ کروڑ ۱۴ لاکھ ۷۰ ہزار	۳۸ لاکھ ۶۰ ہزار	۱۸ فی صد

روس میں مسلمانوں کی تعداد تین کروڑ ساٹھ لاکھ بتائی جاتی ہے

نورِ بصیرت

میاں عبدالرشید

انسان کی مخفی قوتیں

اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر بے پناہ قوتیں رکھی ہیں۔ جو لوگ جنات اور ہمزاد کی تسخیر کے پیچھے بھاگتے ہیں، اگر وہ اپنے اندر کے قیدی ہمزاد کو مسخر کر لیں، تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ ہمارے اندر کا جن یا ہمزاد ہماری جبلی طبیعت یا سرکش نفس ہے۔ غصہ، لالچ، خود غرضی وغیرہ سے اس کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ جبلتیں اپنی جگہ بڑی قوی ہوتی ہیں۔ ان کے اثر کے تحت انسان غیر معمولی مشقتیں برداشت کرتا ہے، بلکہ ان کے حصول کے لئے وہ کچھ بھی کر گزرتا ہے، جو بظاہر ناممکن نظر آتا ہے اگر یہ قوتیں ضبط میں نہ ہوں، تو انسان کے اندر اور باہر تباہی مچا دیتی ہیں۔ اندر سے اس کی شخصیت تباہ ہو جاتی ہے اور باہر معاشرہ میں فتنہ و فساد پھیل جاتا ہے اگر انہیں ضبط میں لے لیا جائے، تو انسان کے ہاتھ میں جو زبردست قوت آ جاتی ہے۔ اس سے وہ اپنی شخصیت کو بھی بلند سے بلند تر مقامات کی طرف لے جا سکتا ہے اور معاشرہ کے اندر بھی مثبت اور تعمیری تبدیلی پیدا کرنے میں بھی حصہ لے سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی حقیقی محبت یا عشق ایمان کا نشان ہے۔ "اور وہ جو ایمان لائے ہیں، ان کی محبت اللہ تعالیٰ کے لئے بہت شدید ہے" (قرآن پاک) حضورؐ کی محبت کے بغیر ایمان کی تکمیل نہیں۔ (حدیث شریف) عشق اللہ تعالیٰ اور جناب رسولؐ پاک سے ہو تو اکسیر حیات ہے۔ جو انسان کے کچے تانبے کو خالص سونا بنا دیتا ہے۔ ؎

عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

صراط مستقیم بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہے اور صرف ایمان والے ہی اس پر سلامتی سے گامزن ہو سکتے ہیں غصہ اور غیرت ایک ہی جذبہ کے دو رخ ہیں۔ ایک ناپسندیدہ ہے اور دوسرا پسندیدہ یہی حالت احتیاط اور بزدلی، جرأت اور حماقت، فضول خرچی اور سخاوت، خودداری اور تکبر کی ہے۔ یہاں میٹھے اور کھاری پانی کے دریا ساتھ ساتھ ہی چلتے ہیں۔ مگر ان کے درمیان ایک باریک سا پردہ ہے۔ ایمان سے فرقان یعنی تمیز حق و باطل نصیب ہوتی ہے اور ایمان ہی سے حق پر چلنے اور باطل سے اجتناب کرنے کی توفیق حاصل ہوتی ہے۔

غلام بحر میں کھو کر سنبھل جا
تڑپ جا پیچ کھا کھا کر بدل جا!
نہیں ساحل تری قسمت میں اے موج
ابھر کر جس طرف چاہے نکل جا

——— (بال جبریل)

مولانا عبدالستار نیازی پر قاتلانہ حملہ

گزشتہ دنوں لاہور میں جمعیت العلمائے پاکستان کے رہنما مولانا عبدالستار خاں نیازی پر بعض نامعلوم افراد نے شاہراہ قائد اعظم لاہور میں دن دہاڑے فائرنگ کی اور بعد میں لاٹھیوں سے زدوکوب کیا۔ مولانا فائرنگ سے تو بچ گئے مگر غنڈوں کی لاٹھیوں سے ان کے بازو اور کندھے پر شدید چوٹیں آئیں۔ مولانا نے حملہ کرنے والوں کی کار کا نمبر نوٹ کر لیا تھا۔ اور بعد میں فوراً پولیس کو رپورٹ بھی کر دی گئی مگر مجرموں کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا۔

مولانا کی ذاتی زندگی ہر قسم کی آلودگی سے پاک ہے۔ پاکستان بننے سے پہلے انہوں نے قائد اعظم کی مسلم لیگ کا پیغام دیہاتوں میں پھیلانے کے لیے شب و روز کام کیا۔ قائد اعظم نے انہیں ذاتی طور پر میانوالی سے انتخاب لڑنے کے لیے ٹکٹ دیا جس میں انہوں نے شاندار کامیابی حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد انہوں نے شریعت کے نفاذ کے منشور پر انتخاب لڑا اور کامیاب ہوئے۔ ۱۹۵۳ء میں انہیں ختم نبوت کی تحریک میں مارشل لاء کی عدالت سے پھانسی کا حکم دیا گیا۔ مارشل لاء کے دوران انہوں نے باجرأت گورنر نواب صاحب کالاباغ سے ٹکر لی۔ غرض یہ کہ شریعت کے نفاذ کے لیے اپنی سرگرمیوں میں بار بار کامیابی حاصل کی۔

مولانا نہ بڑے زمیندار ہیں، نہ کوئی اور نہ تاجر۔ وہ ایک درویش صفت انسان ہیں اور ان کی ساری عمر اسی انداز سے گزری ہے۔ ان کا کسی سے ذاتی جھگڑا یا تنازعہ نہیں ہے۔ اس لیے ان پر یہ حملہ سیاسی مخالفین ہی کی طرف سے ہو سکتا ہے۔ یہ ایک انتہائی شرمناک حادثہ ہے۔ جس کا لب و لہجہ پاکستان پر کئی برسوں سے اس ردعمل ہونا لازم ہے۔ پاکستان میں برسر اقتدار پارٹی کو یہ بات ہمیشہ پیش نظر رکھنی ہو گی۔

گزشتہ فروری میں جب عوامی پارٹی کے چیئرمین اور موجودہ وزیر اعظم بھٹو لاہور تشریف لائے تھے تو انہوں نے اپنی تقریر میں پاکستان کی تاریخ وطن سے کہا تھا کہ وقت آنے پر وہ ان سے ووٹ مانگیں گے ——— لیکن وطن عزیز میں اگر اس قسم کے شرمناک واقعات اور غنڈہ گردیاں ہوتی رہیں تو کیا یہاں کی اور پاکستان کی رائے عامہ ان سے متاثر نہ ہوگی؟ انہیں اقتدار میں پہنچانے والے یہیں ووٹ کیا انہیں پھر مل سکیں گے؟

ہمیں امید ہے کہ اس سنگین واقعے کو حکومت محض اس وجہ سے رفع دفع نہیں کرے گی کہ اس کا تعلق اپوزیشن جماعت سے ہے۔ حکومت کی طرف سے مولانا پر حملہ کرنے والوں کو بلا تاخیر پکڑ کر انہیں عبرتناک سزائیں دینی چاہئیں کہ وطن عزیز میں غنڈہ گردی کے انتہائی خطرناک رجحان کا قلع قمع ہو جائے ———

کریسنٹ

ٹورانٹو کینیڈا

یکم مئی ۱۹۸۶ء مطابق ۲۲ رجمادی الاول ۱۴۰۶ھ — جلد نمبر ۵ شمارہ نمبر ۹

بدلتی ہوئی عالمی صورت حال پاکستان ایران اور ترکی میں قریبی اشتراک و تعاون کی متقاضی ہے

موجودہ سربراہی اجلاس میں ہر پہلو پر تفصیل سے غور کیا جائے گا

ازمیر پہنچنے پر شہنشاہ آریہ مہر رضا شاہ پہلوی کا بیان

ازمیر ۔۔۔۔ (اے پی پی) شہنشاہ آریہ مہر محمد رضا پہلوی نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی عالمی صورت حال پاکستان، ایران اور ترکی میں زیادہ سے زیادہ قریبی تعاون اور اشتراک عمل کی متقاضی ہے۔ آر سی ڈی کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے آج صبح اپنے خصوصی جیٹ طیارے سے یہاں ازمیر پہنچنے پر اخبار نویسوں سے [illegible]

ترقی کے موجودہ سربراہی اجلاس کے دوران ہم تینوں ملکوں میں زیادہ سے اشتراک پیدا کرنے کی کوشش کریں گے کیونکہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اس پہلو پر غور کریں۔ ہوائی اڈے پر شہنشاہ ایران کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ ترکیہ کے صدر فخری کورترک وزیر اعظم سلیمان دیمرل اور وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو شہنشاہ [illegible]

ضابطہ فوجداری میں مزید ترمیم کا آرڈیننس جاری کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) صدر مملکت نے ضابطہ فوجداری میں مزید ترمیم کا ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے تحت ضابطہ فوجداری کے باب ۔۔۔ [illegible]

پاکستان کو بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کی دعوت

کراچی ۔۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان کو [illegible]

گلی خان کی نظربندی میں مزید دو ماہ کی توسیع

راولپنڈی ۔۔۔۔ [illegible]

پاکستان کے ساتھ سفارتی تعلقات کی بحالی پر بات چیت کے لئے بھارتی وفد جلد پاکستان آئے گا

ایک دوسرے کے علاقے پر سے پروازوں کی بحالی پر بھی بات چیت ہوگی

ہم مسئلہ کشمیر کے تصفیے تک بھارت کو ڈھیل دیتے رہیں گے: عزیز احمد

سفارتی تعلقات کی بحالی سے علاقے میں حالات معمول پر لانے میں مدد ملے گی

ازمیر (ترکی) ۔۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ عزیز احمد نے بتایا ہے کہ پاکستان کے ساتھ سفارتی تعلقات کی بحالی کے سلسلے میں بات چیت کے لئے بھارت کا ایک وفد عنقریب پاکستان جائے گا۔ مسٹر عزیز احمد نے جو آر سی ڈی کی سربراہی کانفرنس کے سلسلے میں آجکل ترکی گئے ہوئے ہیں، رائٹر کے نمائندے کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ بھارت [illegible]

[illegible]

حکیم الامت کا یوم وفات عقیدت و احترام سے منایا گیا

قوم نے اقبال کے پیغام اور تعلیمات کو مشعل راہ بنانے کا عہد کیا

ملک بھر میں ۔۔۔۔ (رپورٹ) [illegible]

مولانا عبدالستار نیازی پر حملہ

لاہور ۔۔۔۔ (نامہ نگار خصوصی) [illegible]

سردار عبدالقیوم کو رہا کیا جائے

کراچی ۔۔۔۔ [illegible]

پنجاب یونیورسٹی کے ہال میں یوم اقبال کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے جسٹس عطاءاللہ سجاد، پروفیسر حمید احمد، جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کے ہمراہ خورشید احمد [illegible]

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ 1 Year 1st Class Mail $ 8.00
- ☐ 2 Years 1st Class Mail $14.00
- ☐ 6 Months 1st Class Mail $ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
پندرہ روزہ کریسنٹ
ٹورانٹو کینیڈا
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49[illegible]

Name
Address
Postal Code
Telephone No.

نئی دہلی میں مشتعل عوام کے ہاتھوں تین پولیس والے ہلاک تصادم میں سینکڑوں افراد زخمی

چار گھنٹے تک فائرنگ، لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال

پولیس نے کچی آبادیوں اور ناجائز تجاوزات پر بلڈوزر چلا دیئے

نئی دہلی ۔۔۔۔ (اے پی اور ریڈیو رپورٹ) [illegible]

عالمی برادری گنگا کے پانی کی منصفانہ تقسیم کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرے

دہلی کی بھارت کو منتقلی پر اسلامی ترقیاتی بینک کے صدر کا تشویش

ڈھاکہ ۔۔۔۔ [illegible]

بھارت نے ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرا ٹسٹ میچ چھ وکٹوں سے جیت لیا

پورٹ آف سپین ۔۔۔۔ (اے پی اور ریڈیو رپورٹ) بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرا ٹسٹ میچ آج یہاں بھارت نے ۶ وکٹوں سے جیت لیا۔ [illegible]

MAY 15

AK[illegible]

UNITE[illegible] Kurt W[illegible] year ol[illegible] tary Ge[illegible] Nations[illegible] U-THA[illegible] pletes h[illegible] the end[illegible] generali[illegible] Waldhe[illegible] election[illegible] he has s[illegible] city for[illegible] betwee[illegible] interest[illegible] discussi[illegible] parties a[illegible] arrange[illegible] rants to[illegible] delegat[illegible]

One of [illegible] about a[illegible] Akhun[illegible] Pakistan[illegible] sentativ[illegible] has esta[illegible] putation[illegible] macy, h[illegible] and a gr[illegible] oeuvre [illegible] istic so [illegible] assignm[illegible] currentl[illegible] UN Eco[illegible] Council [illegible] elected [illegible] ttee dea[illegible] Africa.

Iqbal Ak[illegible] been res[illegible] remarka[illegible] Pakistan[illegible] so badly[illegible] the trau[illegible] He has a[illegible] steered [illegible] Palestini[illegible] World p[illegible] of 1975, [illegible] a seat fo[illegible] Security[illegible] was virt[illegible] fight wit[illegible] performa[illegible] a few mo[illegible] Pakistan[illegible] present [illegible] at the fa[illegible] ference i[illegible] impressi[illegible]

But styl[illegible] oeuvrabi[illegible] there are[illegible] other fac[illegible] fore Akh[illegible] to becom[illegible] bureaucr[illegible]

Kurt Wal[illegible] available[illegible] put it re[illegible] good cha[illegible] posed by[illegible] Council [illegible] General [illegible] sides, bo[illegible] US woul[illegible] gure that[illegible] cedures [illegible] initiative[illegible] fits the b[illegible] This was[illegible]